36852- مقروض شخص کا حج

سوال

میں نے ایک جائداد ی بینک سے دو لاکھ اکاون ہزار نوصد ریال قرض حاصل کرر کھا ہے اور اس کی سالانہ قسط میں ادائیگی کررہا ہوں، کیا بینک کے اس قرض کے ہوتے ہوئے میں حج کرسکتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

حج فرض ہونے کی شرائط میں ایک شرط استطاعت بھی ہے، لھذا اگر حج کے وقت آپ حج کا خرچہ اور قسط ادا کرنے پر قادر ہوں توآپ پر حج کی ادائیگی فرض ہوجائے گی، اور اگر یہ دونوں کام کرنے مشکل ہیں توپھر آپ قسط کی ادائیگی کومقدم رکھیں جوآپ سے طلب کی جارہی ہے، اور حج کواستطاعت پیدا ہونے تک مؤخر کردیں ۔

کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{اور اللہ تعالی نے ان لوگوں پر جواس کی طرف راہ پاسکتے ہوں اس گھر کا حج کرنا فرض کردیا ہے }. آل عمران (97) ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .